ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((436

مورخہ 13.09.25

**بہاول پور(          )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال کی کمانڈ میں بہاولپور پولیس کا سماج دشمن عناصر کے خلاف گرینڈ آپریشن، مختلف کارروائیوں میں 11ملزمان گرفتار۔بھاری مقدار میں شراب،منشیات اور اسلحہ ناجائز برآمد۔جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری کارروائیوں کو مزید تیز کیا جارہا ہے،ڈی پی او محمد حسن اقبال**

تفصیلات کے مطابق وزیراعلی پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن منشیات سے پاک پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او محمد حسن اقبال کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ سمہ سٹہ اور تھانہ صدر یزمان پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 02ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 55لیٹر شراب برآمد کرلی۔اسی طرح تھانہ سول لائنز، سمہ سٹہ، سٹی یزمان، صدر یزمان اور تھانہ ہیڈ راجکاں پولیس نے 07ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 03 کلو 380 گرام چرس، 520 گرام ہیروئن اور 402 گرام کرسٹل آئس برآمد کرلی۔جبکہ اسلحہ ناجائز کے خلاف کارروائی عمل میں لاتے ہوئے تھانہ چنی گوٹھ اور تھانہ صدر یزمان پولیس نے 02ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ 02عدد پسٹل 30بور برآمد کرلئے۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کرکے تفتیش شروع کردی۔اس موقع پر ڈی پی او محمد حسن اقبال نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جارہا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈی پی او محمد حسن اقبال کے احکامات، پولیس کی مختلف کارروائیاں، متعدد ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں شراب، منشیات واسلحہ ناجائز برآمد

ڈسٹر کٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز((437

13.09.25

**بہاولپور(　　)ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال کا اپنے دفتر میں برانچز ہیڈ کے ہمراہ پولیس ملازمین کے ساتھ میٹنگ۔جملہ ایس ایچ اوز،افسران وجوانوں کی بذریعہ ویڈیو لنک شرکت۔محکمہ پولیس کو آپ پر فخر ہے،ہمیشہ محنت اور جانفشانی سے اپنے پیشہ وارانہ امور کو سرانجام دیں،ڈی پی او محمد حسن اقبال**

تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال کی جانب سے اپنے دفتر کے کانفرنس روم میں پولیس ملازمین کے مسائل کے حوالے سے میٹنگ کا انعقاد کیا۔اس موقع پر ضلع بھر سے اپر سپارڈنٹ ولوئر سپارڈنٹ اور کنسٹبلان نے بذریعہ ویڈیو لنگ شرکت کی۔اس موقع پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال نے اپنے خطاب میں کہا کہ ضلع بھر کے پولیس ملازمان کی ویلفیئر ہماری اولین ترجیح ہے۔ڈسپلن پر عدم برداشت کی پالیسی اپنائی جائے گی۔آپ سب محکمہ پولیس کا فخر ہیں،ہمیشہ محنت اور جانفشانی سے اپنی ڈیوٹی سرانجام دیں۔بدعنوانی اور پیشہ وارانہ امور میں غفلت برتنے والوں کے لئے محکمہ میں کوئی جگہ نہیں ہے۔اگر آپ میں سے کسی کو بھی کوئی بھی مسئلہ ہو تو وہ میرے ذاتی نمبر پر بلا خوف رابطہ کرسکتے ہیں۔میرے آفس کے دروازے تمام افسران کے لیے کھلے ہیں۔دربار کے اختتام پر ڈی پی او بہاولپور نے جملہ ملازمان سے باری باری ان کے مسائل دریافت کئے اور ان کے مناسب حل کے لئے احکامات جاری کئے۔آخر میں انہوں نے کہا کہ بہاولپور پولیس اسی طرز پر مزید محنت اور جدوجہد سے عوام کے مسائل اور جرائم کی کمی کے لیے دن رات کام کو یقینی بنائے گی۔

**ترجمان پولیس بہاولپور**



بہاول پور:ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال اپنے آفس میں پولیس ملازمین کے ساتھ میٹنگ کر رہے ہیں اور جوانوں کے مسائل سن رہے ہیں

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((438

13.09.25

**بہاول پور(            )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال نے پیرا گون فلڈ ریلیف کیمپ علاقہ تھانہ صدر بہاولپور کا وزٹ کیااور عوام کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے لئے کھلی کچہری کاانعقاد کیا گیا۔ کھلی کچہری میں اہل علاقہ کی بڑی تعداد کو سنااور انفرادی طور پر مسائل بروقت حل کرنے کے احکامات جاری کیے،**

**،ڈی پی او محمد حسن اقبال**

تفصیل کے مطابق ڈی پی او محمد حسن اقبال نے پیرا گون فلڈ ریلیف کیمپ کا وزٹ کیا، تمام انتظامات کا جائزہ لیا۔اس موقع پر انہوں نے بات کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں اور پولیس افسران حفاظتی تدابیر اختیار کریں۔افسران و جوان اپنی ڈیوٹی الرٹ رہ کرانجام دیں، نشیبی علاقوں میں رہنے والے افراد کو آگاہی فراہم کرتے رہیں۔شہری دریائے کے کنارے اور سیلابی علاقوں میں غیر ضروری آمد و رفت سے گریز کریں۔ہنگامی صورتحال میں فوراًپولیس ہیلپ لائن 15 یا ریسکیو اداروں کو اطلاع دیں۔بعد ازاں انہوں نے لوگوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے لئے کھلی کچہری لگائی۔ جس میں اہل علاقہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ڈی پی او کے ہمراہ ایس ڈی پی او صدر سرکل بہاولپور، ایس ایچ او ودیگر معزز شخصیات نے بھی شرکت کی۔ڈی پی او محمد حسن اقبال نے کھلی کچہری میں تمام سائلین کو تفصیل سے سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو بروقت قانونی کارروائی اور واپسی رپورٹ کے احکامات جاری کیے۔ڈی پی او نے کھلی کچہری میں شہریوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ کھلی کچہری کاانعقاد ہماری اولین ترجیح ہے تا کہ شہریوں کے مسائل سن کر ان کی دہلیز پر بروقت دادرسی کی جاسکے۔انہوں نے کہا کہ سیلاب اللہ پاک کی طرف سے آزمائش ہے ثابت قدم رہیں پریشانی کی اس گھڑی میں محکمہ پولیس آپ کے ساتھ ہے۔جبکہ شہریوں کا کہنا تھا کہ ہم بہت مطمئن ہیں کہ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر خود ہمارے مسائل کے حل کے لئے تشریف لائے اور مسائل کو فوری حل کرنے کے متعلق افسران کو حکم جاری کئے۔ڈی پی او بہاولپور کے اس احسن اقدام سے انصاف کا بول بالا ہو رہاہے۔آخر میں ڈی پی او محمد حسن اقبال نے شہریوں کی شرکت پر بھی ان کا شکریہ ادا کیا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور:ڈی پی اومحمد حسن اقبال پیرا گون فلڈ ریلیف کیمپ کےوزٹ کے بعد کھلی کچہری میں عوام کے مسائل دریافت کرر ہے ہیں